اپنی صفیں درست کر لیا کرو اس لیے کہ صفوں کی درستگی نماز کو کامل بنانے والی چیزوں میں سے ایک ہے

انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اپنی صفیں درست کر لیا کرو اس لیے کہ صفوں کی درستگی نماز کو کامل بنانے والی چیزوں میں سے ایک ہے"

[صحیح] [متفق علیہ]

یہاں اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم مصلیوں کو اس بات کا حکم دے رہے ہیں کہ صفیں برابر کر لیا کریں کوئی کسی سے آگے رہے، نہ پیچھے صفوں کو برابر کرنا نماز کو کامل بنانے والی چیزوں میں سے ہے اور ان کا ٹیڑھی رہ جانا نماز میں نقص اور خلل کا باعث ہے

http://sunnah.global/hadeeth/ur/show/3031